Virtual Summit between Prime Minister NarendraModi and Prime Minister Scott Morrison of Australia on 4th June 2020

June 03, 2020

----

4 جون 2020 کو وزیر اعظم نریندر مودی اور آسٹریلیا کے وزیر اعظم اسکاٹ موریسن کے مابین ورچوئل سمٹ

03 جون، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی 4 جون 2020 کو آسٹریلیا کے وزیر اعظم جناب اسکاٹ موریسن کے ساتھ ہندوستان آسٹریلیا ورچوئل سمٹ کا انعقاد کریں گے۔ اس سال آسٹریلیائی وزیر اعظم، اسکاٹ موریسن کے ہندوستان کے دورے کی تاریخوں کو حتمی شکل دے دی گئی تھی، لیکن یہ دورہ نہیں ہو سکا۔ "ورچوئل سمٹ" کے انعقاد پر بھی اتفاق کیا گیا۔ یہ پہلا موقع ہے جب وزیر اعظم مودی "دوطرفہ ورچوئل سمٹ" کا انعقاد کریں گے، اس سے آسٹریلیا کے ساتھ تعلقات کی مضبوطی اور اس کے آگے بڑھنے کی رفتار کا اشارہ ملتا ہے۔

2۔ اس سے قبل دونوں وزرائے اعظم نے 6 اپریل 2020 کو ٹیلیفونک گفتگو کی تھی، جس میں انہوں نے جاری کووڈ 19 پر تبادلہ خیال کیا تھا، جس میں ایک دوسرے کے ملک میں پھنسے شہریوں کے لئے سہولت اور مدد کی فراہمی شامل ہے۔ ہندوستانی ڈاسپورا نے دونوں ممالک کے مابین رابطوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ٹیلی فونک گفتگو کے دوران، وزیر اعظم اسکاٹ موریسن نے ہندوستانی برادری کے بارے میں بات کی، جس میں آسٹریلیائی معاشرے کا ایک متحرک حصہ سمجھے جانے والے ہندوستانی طلباء بھی شامل ہیں۔

3۔ ہندوستان اور آسٹریلیا کے مابین بہت ہی گرم اور دوستانہ تعلقات ہیں جو مستقل طور پر پھیل رہے ہیں اور بڑھ رہے ہیں۔

4۔ ستمبر 2014 میں وزیر اعظم ٹونی ایبٹ کے ہندوستان کے دورہ اور نومبر 2014 میں وزیر اعظم مودی کے آسٹریلیا کے دورے کے ساتھ دونوں ممالک کے مابین اسٹریٹجک شراکت داری کو سن 2014 میں تقویت ملی تھی۔ وزیر اعظم مودی کے آسٹریلیا کے دورے کے دوران آسٹریلیا اور بھارت کے مابین سکیورٹی تعاون کے فریم ورک پر نومبر 2014 میں دستخط ہوئے تھے، جس کی وجہ سے دونوں ممالک کے مابین تیز تر خارجہ، دفاع اور سلامتی پالیسی تبادلے کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ تب سے ادارہ جاتی مکالموں کی باقاعدہ میٹنگیں ہوتی رہی ہیں۔

5۔ اعلی سطح پر بات چیت بھی جاری ہے۔ وزیر اعظم میلکم ٹرن بل نے اپریل 2017 میں ہندوستان کا دورہ کیا۔ آسٹریلیا کے گورنر جنرل مارچ 2018 میں بین الاقوامی شمسی اتحاد کے تاسیسی اجلاس

میں شرکت کے لئے ہندوستان تشریف لائے تھے اور صدر جمہوریہ جی نے نومبر 2018 میں آسٹریلیا کا تاریخی دورہ کیا تھا۔ وزیر اعظم مودی اور وزیر اعظم ماریسن گذشتہ ڈیڑھ سال کے دوران چار بار ملے ہیں، جس میں (14 نومبر 2018) میں سنگاپور میں منعقدہ ایسٹ ایشیا سمٹ کے حاشیے پر، (29 جون 2019) میں آساکا میں جی 20 کے حاشیے پر، بیارٹز (25 اگست 2019) میں جی 7 سربراہی اجلاس کے حاشیے پر اور (04 نومبر 2019) میں بینکاک میں منعقدہ ایسٹ ایشیا سمٹ کے حاشیے پر ہونے والی ملاقاتیں شامل ہیں۔

6۔ معاشی تعلقات بھی بڑھ رہے ہیں۔ 2018-19 میں، دونوں ممالک کے مابین تجارت تقریبا 21 بلین امریکی ڈالر تھی۔ آسٹریلیا کی ہندوستان میں مجموعی سرمایہ کاری تقریبا 10.74 بلین امریکی ڈالر ہے جبکہ آسٹریلیا میں ہندوستان کی کل سرمایہ کاری 10.45 بلین امریکی ڈالر ہے۔ آسٹریلیائی سوپر پینشن فنڈ نے ہندوستان کے قومی سرمایہ کاری اور انفراسٹرکچر فنڈ میں 1 بلین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔ دونوں ممالک ایک دوسرے کے ساتھ سرمایہ کاری اور تجارت میں تیزی لانے پر غور کر رہے ہیں۔

7۔ دو جمہوری ممالک کی حیثیت سے، ہندوستان اور آسٹریلیا نے علاقائی اور عالمی امور پر ایک دوسرے کے نقطہ نظر کی سمجھا ہے۔ ہمارے پاس آزاد، کھلی، جامع، اور خوشحال انڈو پیسیفک کے لئے مشترکہ نقطہ نظر ہے۔

8۔ آسٹریلیا نے ہندوستان کے عالمی اقدامات جیسے آئی ایس اے، سی ڈی آر آئی اور انڈو پیسیفک اوشن انیشیٹو (آئی پی او آئی) کی حمایت کی ہے۔ آسٹریلیا نے توسیع شدہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل (یو این ایس سی) کی ہندوستان کی رکنیت کی حمایت کی ہے۔ ماضی قریب میں، آسٹریلیا نے آسٹریلیا گروپ کے لئے ہماری رکنیت کی حمایت کی، اور واسینار انتظامات اور نیوکلیئر سپلائر گروپ کی ہندوستان کی رکنیت کی حمایت کی ہے۔

9۔ ورچوئل سمٹ دونوں رہنماؤں کے لئے ہندوستان اور آسٹریلیا کے مابین بڑھتے ہوئے تعلقات کے تناظر میں تعلقات کے وسیع فریم ورک کا جائزہ لینے اور کووڈ 19 وبائی مرض کے حوالے سے اپنے متعلقہ رسپانس پر تبادلہ خیال کرنے کا ایک موقع ہوگا۔

نئی دہلی

03 جون، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release